Urdu – اردو

London Ambulance Service
NHS Trust

# انفرادی معلومات

آپ کی اپنی ذاتی معلومات شامل کرنے کے لیے جگہ۔

| | |
|---|---|
| نام<br>Name | |
| تاریخ پیدائش<br>Date of Birth | |
| بول چال کی زبان<br>Languages Spoken | |
| ترجیحی زبان<br>Preferred Language | |
| الرجی<br>Allergies | |
| طبی کیفیات<br>Medical Conditions | |
| موجودہ دوا<br>Current Medication | |
| قریب ترین رشتہ دار<br>Next of Kin | |
| معلومات ک تکمیل کی تاریخ:<br>Date Information Completed: | |

**معالجین کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اگر دستیاب ہو تو اس معلومات کے علاوہ مریض کی دیکھ بھال کے الیکٹرونک ریکارڈ بھی استعمال کریں۔**

# اضافی معلومات

یہ جگہ آپ کے لیے ایسی کوئی بھی معلومات شامل کرنے کے لیے ہے جس کا اوپر احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر: سماجی کارکن کی تفصیلات، رہائش کے رابطے کی تفصیلات، مزید صحت کی معلومات۔

**یہ پمفلٹ مریض کی خفیہ معلومات پر مشتمل ہے اور صرف ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کے ساتھ شیئر کیا جانا چاہیے۔**

# آپ کی لوکل سروسز

صحت کی دیکھ بھال تک پہنچنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ اس سیکشن میں آپ اپنے آس پاس کی مقامی خدمات کی فہرست اور ان کے کھلنے کے اوقات شامل کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کے لیے کون سی خدمات مقامی ہیں۔

| کھلنے کے اوقات<br>Opening Times | نام اور محل وقوع<br>Name & Location | سروس<br>The Service |
|---|---|---|
| | | واک ان سنٹر/ فوری علاج کا مرکز<br>Walk-in-centre / Urgent Treatment Centre |
| | | فارمیسی<br>Pharmacy |
| ہر روز سارا دن اور ساری رات کھلا ہے۔ | | ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ / ایکسیڈنٹ اور ایمرجنسی (اے اینڈ ای)<br>Emergency Department / Accident & Emergency (A&E) |
| | | جنرل پریکٹس (جی پی) سرجری<br>General Practice (GP) Surgery |

**یہ کتابچہ مریض کی خفیہ معلومات پر مشتمل ہے اور اسے صرف صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کے ساتھ شیئر کیا جانا چاہیے۔**

2025نومبر 1.0ورژن

# یونیورسل سروسز

اگر آپ کو ہنگامی امداد یا غیر ہنگامی مدد کی ضرورت ہو تو آپ کہیں بھی 999 اور 111 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## سارا دن اور ساری رات کھلی رہتی ہے

| سروس | کال کرنے کا طریقہ |
|---|---|
| 999 | اگر آپ کو **999**پر کال کرنے کی ضرورت ہو، تو ہم یہ جاننے کے لیے سوالات پوچھیں گے کہ آیا یہ کال کسی فوری جان لیوا حالت کے لیے ہے<br>• ہم یہ چیک کریں گے کہ مریض ہوش میں ہے اور سانس لے رہا ہے۔<br>• ہم پوچھیں گے کہ کیا ہوا ہے۔<br>• اس کے بعد ہم آپ سے آپ کی علامات کے بارے میں مزید سوالات پوچھیں گے، تاکہ ہم آپ تک مناسب مدد پہنچا سکیں۔ |
| NHS 111 | اگر آپ **111**پر کال کریں، تو ہم آپ کا نام، پتہ اور کال کرنے کی وجہ لیں گے، اس کے بعد ہم آپ سے کچھ حفاظتی سوالات پوچھیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ایمرجنسی ایمبولینس کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم اپنے کسی کلینیشن سے آپ کا رابطہ کرائیں گے تاکہ آپ کی طبی ضروریات کا مکمل جائزہ لیا جا سکے اور ان کا انتظام کیا جا سکے۔ |

جب آپ 999یا 111پر کال کریں، تو آپ کسی بھی وقت مترجم کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔ کم عام زبانوں کے لیے مترجم تلاش کرنا مشکل ہو سکتا ہے، اس لیے اگر آپ ایک سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں تو براہ کرم دونوں زبانیں بتائیں۔

جب وہ آپ کو مترجم سے جوڑ رہے ہوں، تو فون لائن خاموش ہو سکتی ہے، کال ختم نہ کریں۔

مترجم سے بات کرتے وقت یہ بہت ضروری ہے کہ آپ سوال کا جواب دیں اور پھر رک کر مترجم کو ترجمہ کرنے کا موقع دیں۔

## آپ کی مقامی سروسز- بہت سی مختلف سروسز ہیں جو صحت کی دیکھ بھال میں مدد اور مشورہ فراہم کرتی ہیں، یہ ضروری ہے کہ بعض بیماریوں اور زخموں کے لیے صحیح سروس استعمال کی جائے۔ یہاں ہر سروس کے بارے میں معلومات ہے اور یہ کہ وہ آپ کی بہترین مدد کیسے کر سکتی ہے۔

### جنرل پریکٹس (جی پی) سرجری

**جی پی سرجری عام طور پر پیر تا جمعہ کھلی رہتی ہے۔ کسی طبی ماہر، جیسے ڈاکٹر، سے ملاقات کے لیے اپنے جی پی سے اپائنٹمنٹ کے لیے رابطہ کریں۔**

وہ صحت کی خدمات کا وسیع سلسلہ فراہم کرتے ہیں جن میں طبی مشورے، ویکسینیشن، معائنے اور علاج، ادویات کے نسخے، دیگر خدمات کے لیے ریفرل اور سماجی خدمات شامل ہیں۔ اگر آپ کو صحت سے متعلق کوئی مسلسل ضرورت ہے، مثال کے طور پر: دمہ، ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، تو وہ آپ کی مدد بھی کریں گے۔

اگر آپ کی جی پی سرجری بند ہے تو آپ اپنی صحت سےمتعلق ضروریات کے بارے میں کسی سے بات کرنے کے لیے 111 پر کال کر سکتے ہیں۔

**اہم** – ان کی سروسز تک رسائی حاصل کرنے سے پہلے آپ کو اپنے مقامی جی پی سرجری میں رجسٹر ہونا ضروری ہے۔ آپ www.nhs.uk پر آن لائن یا بالمشافہ رجسٹر کر سکتے ہیں۔

### واک ان سینٹر / ارجنٹ کیئر سینٹر

**واک ان سینٹرز اور ارجنٹ کیئر سینٹرز تب مدد فراہم کرتے ہیں جب یہ زندگی کے لیے خطرہ پیدا کرنے والی ایمرجنسی نہ ہو۔**

وہ بہت سے مسائل میں مدد کرسکتے ہیں جیسے:

- موچ اور تناؤ
- مشتبہ ٹوٹی ہوئی ہڈیاں
- چوٹ / کٹ/ خرونچ
- پیٹ میں درد
- جلد کے انفیکشن اور خارش
- زیادہ درجہ حرارت (بخار)

اگر وہ اس سروس پر آپ کی علامات کا انتظام نہیں کرسکتے ہیں، تو وہ آپ کو مشورہ دیں گے کہ آگے کیا کرنا ہے۔

اگر آپ اس بات کو لے کر پریقین نہیں ہیں کہ آیا واک ان سینٹر آپ کی مدد کر سکتا ہے یا نہیں، تو آپ مشورے کے لیے 111 پر کال کر سکتے ہیں اور وہ آپ کو ہدایت دیں گے۔

### فارمیسی

**فارمیسی میں وہ عام مسائل جیسے کہ کھانسی، نزلہ، عام درد/تکلیف میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں اور آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں۔**

اگر ضرورت ہو تو وہ آپ کو آپ کی علامات یا ادویات کے بارے میں مشورہ دے سکتے ہیں اور وہ مندرجہ ذیل میں مدد کر سکتے ہیں:

- کان میں درد
- گلے میں خراش
- جلد کے مسائل
- کیڑے کا کاٹنا
- پیشاب کی علامات یا مسائل
- قبض
- دوا سے متعلق عام مشورہ

اگر انہیں لگتا ہے کہ آپ کو کسی مختلف سروس میں مدد کی ضرورت ہے، تو وہ آپ کو مناسب ترین سروس کے بارے میں مشورہ دیں گے۔

### 111

**جب آپ کو طبی مدد یا مشورے کی ضرورت ہو تو این ایچ ایس 111آپ کی مدد کرتا ہے، لیکن یہ ہنگامی صورتحال نہیں ہے**

جب آپ 111 پر کال کریں گے تو وہ آپ سے کچھ سوالات پوچھیں گے اور فیصلہ کریں گے کہ وہ کس طرح بہترین مدد کر سکتے ہیں، اس کی وجہ سے آپ کو مندرجہ ذیل فائدے ہو سکتے ہیں:

- آپ کی علامات کا انتظام کرنے کے بارے میں مشورہ اور رہنمائی
- کسی معالج جیسے ڈاکٹر سے ٹیلیفون پر مشورہ
- آپ کے مقامی ہسپتال میں ملاقات
- وہ یہ بھی فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کے لیے اے اینڈ ای جانا یا (999 کے ذریعے) ایمبولینس کا بندوبست کرنا ضروری ہے

### 999

**کسی بھی علامت کی وجہ سے زندگی کے لیے خطرناک ہنگامی صورت حال میں 999 پر کال کریں جس کی تفصیل (بائیں بلیٹ پوائنٹ) نیچے دی گئی ہے**

اگر آپ یا جس شخص کو آپ کال کر رہے ہیں، اس میں ان میں سے کوئی علامت نہیں ہے لیکن آپ کو یقین ہے کہ وہ زندگی کو خطرے میں ڈالنے والی ہنگامی صورتحال میں مبتلا ہے، تو 999 پر کال کریں۔

جب آپ 999 پر کال کریں گے تو وہ آپ کی علامات کی بنیاد پر فیصلہ کریں گے کہ آیا:

- آپ کو ایمبولینس کی ضرورت ہے
- کسی معالج سے فون پر بات کرنی ہے
- یا کسی دوسری سروس جیسے 111 کے لیے ریفر کرنا ہے

### ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ / ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی (اے اینڈ ای)

**اے اینڈ ای کسی بھی سنگین زخم اور جان لیوا ہنگامی صورتحال کے لیے ہے**

اگر آپ کو ان میں سے کوئی بھی علامت ہے تو آپ کو اے اینڈ یو پر جانا چاہیے اگر آپ ایسا کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں یا آپ 999 پر کال کر سکتے ہیں:

- سینے کا درد
- چہرہ ایک طرف جھک جانا، دونوں ہاتھ اوپر نہیں اٹھا پانا، بولنے میں دشواری
- اچانک الجھن
- خودکشی کی کوشش (کچھ لے کر یا خود کو نقصان پہنچا کر)
- سانس لینے میں شدید دشواری
- دم گھٹ رہا ہے
- بہت زیادہ خون بہنا (خون چھڑک رہا ہے یا بہہ رہا ہے)
- چہرے پر اچانک تیزی سے سوجن
- مرگی (فٹ)
- بے ہوشی یا جواب نہ دینا
- کوئی بھی سنگین چوٹ یا صدمہ، مثال کے طور پر آپ کی جلد سے باہر نکلی ہوئی ٹوٹی ہوئی ہڈی، آپ کے پورے جسم میں جلن ہونا۔

**اگر آپ کو یو کے میں ہنگامی یا فوری طبی امداد کی ضرورت ہو تو یہ مفت ہے (اے اینڈ ای، 111 یا 999)**
**بیرون ملک سے آنے والے اور ناکام پناہ کے درخواست دہندگان چارجز دینے پڑ سکتے ہیں لیکن ضرورت کے وقت دیکھ بھال سے انکار نہیں کیا جائے گا۔**